**20.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ نتیکا تیاگی

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال میں لگ بھگ تین ہزار 200 کروڑ روپے مالیت کے قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ وزیرِ اعظم آج شام کو آسام میں بھی مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔

☆ آسام کے Hojai ضلعے میں Sairang - نئی دلّی راجدھانی ایکسپریس کے ہاتھیوں کے ایک جھنڈ سے ٹکرا جانے کے نتیجے میں سات ہاتھی ہلاک ہوگئے۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے دلّی ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے اور نیشنل ہیرالڈ کیس میں کانگریس رہنما سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کے خلاف شکایت پر ذیلی عدالت کی جانب سے توجہ نہ دینے کو چیلنج کیا ہے۔

☆ پاکستان کے سابق وزیرِ اعظم عمران خان اور اُن کی بیوی بشریٰ بی بی کو توشہ خانہ بدعنوانی معاملے میں 17 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

☆ بیڈمنٹن میں چین کے شہر Hangzhou میں جاری سیزن کے اختتامی BWF ورلڈ ٹور فائنزل کے سیمی فائنل میں آج مردوں کے ڈبلز کی معروف جوڑی ساتوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹّی کا مقابلہ چین کی Liang Wei Keng اور Wang Chang کی جوڑی سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-WEST BENGAL**

وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال کے نادیہ ضلع میں رانا گھاٹ کے مقام پر تقریباً تین ہزار 200 کروڑ روپے مالیت

کے دو قومی شاہراہ پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن پروجیکٹوں سے کولکاتا اور سِلی گوڑی کے درمیان رابطہ آسان ہوجائے گا اور سفر میں لگنے والا وقت تقریباً دو گھنٹے کم ہوجائے گا۔ ان پروجیکٹوں سے خطے میں اقتصادی نشو ونما کو بھی فروغ حاصل ہوگا اور خطے میں سیاحت کو بڑھاوا ملے گا۔ اس موقع پر لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا :

**Byte; PM**

**PM-ASSAM VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی اسام کے دو-روزہ دورے کے لیے آج دوپہر ریاست پہنچیں گے۔ جناب مودی ریاست میں تقریباً 15 ہزار 600 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ دورے کے پہلے دن آج وزیر اعظم گوہاٹی میں لوک پریہ گوپی ناتھ Bordoloi بین الاقوامی ہوائی اڈے پر جدید ترین Bamboo Orchids ٹرمنل عمارت کا افتتاح کریں گے۔ تقریباً 1 اعشاریہ 4 لاکھ مربع میٹر پر محیط یہ نیا ٹرمنل اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ سالانہ 1 اعشاریہ 3 کروڑ مسافر یہاں آسکتے ہیں۔ اس ٹرمنل سے اسام کے حیاتیاتی تنوع اور ثقافت کی عکاسی ہوتی ہے اور اس میں Bamboo Orchids کی تھیم سے تحریک حاصل کی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Aminul Haque Jwader**

*وزیر اعظم آج مغربی بنگال سے واپسی کے بعد سہ پہر 3 بجے گوہاٹی میں لوک پریہ گوپی ناتھ Bordoloi بین الاقوامی ہوائی اڈے پر 4 ہزار کروڑ روپے کی مالیت والی نئی Bomboo Orchids ٹرمنل عمارت کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی ہوائی اڈے پر سابق وزیر اعلیٰ گوپی ناتھ Bordoloi کے 80 فٹ اونچے مجسمے کی نقاب کشائی بھی کریں گے اور ٹرمنل عمارت کے باہر ایک عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔ اس کے بعد، وزیر اعظم شہر میں BJP کے صدر دفتر کی جانب ایک بڑا روڈ شو کریں گے اور پارٹی کارکنان سے بات چیت کریں گے۔ جناب مودی رات میں ریاست کے گیسٹ ہاؤس میں قیام کریں گے۔کل، وزیر اعظم برہم پُتر دریا میں ایک Cruise جہاز پر سفر کرتے ہوئے اپنے پروگرام 'پریکشا پہ چرچا' میں اسکول کے طلبہ وطالبات سے بات چیت کریں گے۔ اس کے بعد، جناب مودی اسام تحریک کے 860 شہیدوں کی یاد میں نوتعمیر شدہ Swahid سمارک Kshetra جائیں گے۔ اس کے بعد، وزیر اعظم Namrup کیلئے روانہ ہوں گے جہاں وہ 12 ہزار کروڑ روپے کی مالیت والے امونیا- یوریا کھاد پروجیکٹ کا بھومی پوجن کریں گے۔ وہ نئی دلی کے لیے روانہ ہونے سے قبل Namrup میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔*

*آکاشوانی نیوز گواہاٹی سے امین الحق Jwadder کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

**PM-SSB WISH**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے سشستر سیما بَل SSB کے یوم تاسیس کے موقع پر آج اُس کے سبھی اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیرِاعظم نے کہا ہے کہ SSB کی غیر متزلزل لگن سے خدمت اور قربانی کی اعلیٰ ترین روایات کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فورس کا فرض سے متعلق جذبہ اور احساس ملک کی سلامتی کا ایک اہم ستون ہے۔ مشکل جغرافیائی حالات میں ملک کے تحفظ میں SSB کے اہلکاروں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ فورس ملک کی خدمت کے سلسلے میں ہمیشہ چوکس رہی ہے۔×

**BUDGET-MYGOV**

حکومت نے فروری میں پیش ہونے والے آئندہ بجٹ-2026-27 کیلئے شہریوں سے، اُن کے خیالات اور تجاویز مانگی ہیں۔ اس کا مقصد لوگوں کی اُمنگوں اور ضرورتوں کی عکاسی اور ملک کی ترقی سمیت سب کی ترقی ہے۔ تجاویز مائی جی او وی پورٹل : www.mygov.in پر بھیجی جاسکتی ہیں۔×

**ED-SONIA GANDHI**

انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے نچلی عدالت کے اُس حکم کو چیلنج کرنے کی خاطر دلّی ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے، جس میں نیشنل ہیرالڈ معاملے میں سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور دیگر کے خلاف کالے دھن کو جائز بنانے کی شکایت پر غور کرنے سے منع کردیا ہے۔ اپنی عرضی میں ED نے نچلی عدالت کی جانب سے اخذ کئے گئے نتیجوں پر سوال اٹھایا ہے اور اُس فیصلے سے متعلق اپیل پر غور کرنے کی مانگ کی ہے، جس میں کالے دھن کو جائز بنائے جانے کی روک تھام سے متعلق قانون PMLA کے تحت ایجنسی کی شکایت پر کارروائی کرنے سے انکار کردیا ہے۔

دلّی کی ایک عدالت نے منگل کو نیشنل ہیرالڈ معاملے میں سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پانچ دوسرے افراد کے خلاف ED کے کالے دھن کو جائز بنائے جانے کے معاملے پر غور کرنے سے انکار کردیا تھا۔ البتہ عدالت نے کہا ہے کہ مرکزی ایجنسی اس معاملے میں اپنی چھان بین جاری رکھ سکتی ہے۔ راؤز ایوینیو کورٹس کے خصوصی جج Vishal Gogne نے اس سلسلے میں مجسٹریٹ کی ایک عدالت کی جانب سے سنائے گئے حکم کو کالعدم قرار دے دیا۔ ED نے اب اپنی چارج شیٹ میں سونیا گاندھی، راہل گاندھی، سُمن دوبے، سیم پترودا، ینگ انڈین، Dotex Marchandise اور سنیل بھنڈاری کو خاص ملزم قرار دیا ہے۔ الزام لگایا گیا ہے کہ ایسوسی ایٹڈ جرنلس لمیٹڈ کے دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے اثاثوں کو غلط طریقے لیا گیا۔×

**ASSAM ELEPHANT**

آسام کے Hojai ضلعے میں Sairang - نئی دلّی راجدھانی ایکسپریس کے آج صبح ہاتھیوں کے ایک جھنڈ سے ٹکرا جانے کے نتیجے میں سات ہاتھی ہلاک ہوگئے۔ اِس واقعے میں ایک ہاتھی زخمی بھی ہوا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پانچ ڈبے اور ریل گاڑی کا انجن پٹری سے اتر گیا۔ یہ حادثہ رات میں دو بجکر 17 منٹ پر پیش آیا لیکن کوئی مسافر زخمی نہیں ہوا۔ علاقے میں گہرے کہرے کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔ Nagaon ڈویژن کے فوریسٹ افسر سبھاش کدم نے بتایا کہ یہ حادثہ Changurai گاؤں میں پیش آیا۔ ریلوے کے ترجمان Kapinjal کشور شرما نے بتایا کہ Lumding ڈویژن کے تحت Jamunamukh کامپور سیکشن میں یہ واقعہ پیش آیا، جو گواہاٹی سے تقریباً 126 کلومیٹر دور ہے۔ امدادی ریل گاڑی پہلے ہی موقع پر پہنچ چکی ہے۔ x

**CIVIL AVATION MINISTRY FOG**

شہری ہوا بازی کی وزارت نے سبھی ایئرلائنس کو ہدایت دی ہے کہ وہ کہرے اور کم بصارت کے سبب پروازوں کے متاثر ہونے کے پیش نظر مسافروں کو سہولتیں فراہم کرنے سے متعلق ضابطوں پر سختی سے عمل کریں۔ وزارت نے کہا ہے کہ ایئرلائنس کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پروازوں کے بارے میں بروقت اور صحیح جانکاری دیئے جانے کو یقینی بنائیں، تاخیر کے دوران کھانا اور ناشتہ فراہم کریں اور پروازوں کو منسوخ کئے جانے کی صورت میں دوبارہ بکنگ یا ریفنڈ کی سہولت دیں۔ وزارت نے ایئرلائنس کو یہ بھی ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وقت پر Check-In ہوجانے کے بعد بورڈنگ سے نہ روکیں اور معذوروں کو خصوصی مدد فراہم کریں۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل کو یہ ذمہ داری دی گئی ہے کہ وہ اِن ہدایات پر عمل آوری کو یقینی بنانے کی غرض سے ان پر قریبی نظر رکھیں۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ مسافروں کا تحفظ اور انہیں سہولتیں فراہم کرنا، اُس کی اعلیٰ ترین ترجیح ہے۔x

**BHOPAL METRO**

آج بھوپال کے عوام کیلئے ایک تاریخی دن ہے۔ مدھیہ پردیش کی راجدھانی کو میٹرو ریل خدمات کا تحفہ ملنے جا رہا ہے۔ مرکزی وزیر منوہر لال کھٹّر اور وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو آج شام بھوپال میٹرو کا افتتاح کریں گے۔ سفر کرنے کے ایک جدید، تیز رفتار اور آرام دہ طریقے کا خواب اب حقیقت میں تبدیل ہو رہا ہے۔x

**PAK-IMRAN SENTENCED**

پاکستان کی ایک عدالت نے جیل میں بند سابق وزیراعظم عمران خان اور اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو توشہ خانہ دوئم بدعنوانی معاملے میں 17 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ یہ معاملہ اُن تحائف میں مبینہ دھوکہ دہی سے متعلق ہے، جو اِن دونوں کو 2021 میں سعودی حکومت کی طرف سے ملا تھا۔ خصوصی عدالت کے جج شاہ رُخ ارجمند نے راولپنڈی کی اَدیالہ جیل میں اس معاملے میں فیصلہ سنایا۔ عمران خان اور اُن کی اہلیہ کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ-409 کے تحت 10 سال کی اور بدعنوانی کی روک تھام کے قانون کی مختلف دفعات کے تحت 7 سال کی قید بامشقت کی سزا سنائی گئی ہے۔ عدالت نے دونوں پر ایک کروڑ 64 لاکھ پاکستانی روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔

یہ معاملہ جولائی 2024 میں دائر کیا گیا تھا، جو اِن الزامات پر مبنی تھا کہ قیمتی گھڑیوں اور ہیرے اور سونے کے زیورات سمیت، قیمتی سازوسامان کو سابق وزیراعظم اور اُن کی اہلیہ نے توشہ خانہ میں جمع کئے بغیر فروخت کردیا تھا۔ اکتوبر 2024 میں بشریٰ بی بی کو اس معاملے میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے ضمانت دے دی تھی اور اس کے ایک مہینے بعد اسی معاملے میں عمران خان کو بھی ضمانت دے دی گئی تھی۔ انہیں گزشتہ برس دسمبر میں مجرم گردانہ گیا۔ اس دوران قصوروار پائے گئے یہ دونوں افراد ہائی کورٹ میں اپیل دائر کرسکتے ہیں۔×

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں چین کے شہر Hangzhou میں جاری سیزن کے اختتامی BWF ورلڈ ٹور فائنزل کے سیمی فائنل میں آج مردوں کے ڈبلز کی معروف جوڑی ساتوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کا مقابلہ چین کی Liang Wei Keng اور Wang Chang کی جوڑی سے ہوگا۔ تیسرے درجے کے کھلاڑی ساتوِک اور چراغ بھارتی مردوں کے ڈبلز کی پہلی ایسی جوڑی بن گئی ہے، جو کل شام اس ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچی ہے اور گروپ B میں سرِ فہرست ہے۔

بھارت کی اس معروف جوڑی نے اپنے گروپ کے آخری میچ میں ملیشیا کی عالمی نمبر دو جوڑی Aaron Chia اور Soh Woo Yik کو سترہ-اکیس، اکیس-اٹھارہ، اکیس-پندرہ سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ بھارتی جوڑی سرِ فہرست چار جوڑیوں میں پہنچ گئی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆